سوال

غیر عربی زبان میں خطبہ اور خطیب کا خطبۂ جمعہ دیتے ہوئے دونوں ہاتھ بلند کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاته

جمعہ کے دن خطبہ دیتے وقت امام کے دونوں ہاتھوں کے اٹھانے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

جمعہ کے دن خطبہ دیتے وقت امام کے لیے دونوں ہاتھوں کو اٹھانا مشروع نہیں ہے۔ بشر بن مروان نے خطبۂ جمعہ میں جب دونوں ہاتھوں کو اٹھایا، تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس کی مخالفت کی تھی۔ البتہ استسقاء اس سے مستثنیٰ ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ ثابت ہے کہ آپ نے خطبۂ جمعہ میں بارش کے لیے دونوں ہاتھ اٹھا کر دعا فرمائی تھی اور آپ کے ساتھ لوگوں نے بھی ہاتھ اٹھالیے تھے۔ اس کے علاوہ خطبۂ جمعہ میں کسی اور دعا کے لیے دونوں ہاتھ نہیں اٹھانے چاہئیں۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ 324